علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: سیرت النبی ﷺ کا موضوعاتی مطالعہ (4934) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ (درس نظامی)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بر وقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1- علم سیرت کے آغاز و ارتقاء اور مصادر پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2- تحریک استشراق کا پس منظر اور اہم مستشرقین کا تعارف سپرد قلم کریں۔ (20)

سوال نمبر3- یونٹ نمبر دو کے مضامین کا جامع خلاصہ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4- ماحول کی حفاظت کے سلسلے میں ہماری ذمہ داریاں کیا ہیں؟ سیرت طیبہ کی روشنی میں مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5- معاہدات و مکتوبات نبوی پر جامع مضمون قلمبند کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1۔ سماجی انصاف کی اہمیت و ضرورت پر سیرت طیبہ کی روشنی میں تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔(20)

سوال نمبر2۔ طب نبوی میں علاج کی اقسام اور ان کی تفصیلات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ یونٹ نمبر سات کا جامع خلاصہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں عقیدہ ختم نبوت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ پاکستان میں عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے آئینی مراحل تفصیل کے ساتھ تحریر کریں۔(20)